غیر ملکی افراد کے لیے ملازمت کا تحفظ کے ایکٹ (Employment Protection for Foreign Nationals Act)، برائے 2009 کے تحت آپ کے حقوق

اعلان دستبرداری: یہ وسیلہ غیر ملکی افراد کے لیے ملازمت کا تحفظ کے ایکٹ (Employment Protection for Foreign Nationals Act)، برائے 2009 ای پی ایف این اے (EPFNA) اور ضابطوں کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای پی ایف این اے (EPFNA) یا ضابطوں کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ صرف قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہئے۔ حالانکہ ہم اسے یقینی بنانے کی کوشش کررہے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہو، لیکن غلطیاں کبھی کبھار ہو ہی جاتی ہیں۔ اگر آپ کو قانون اور خصوصی حالات میں اس کے ممکنہ اطلاق کے حوالے سے وضاحت کے سلسلے میں مدد کی ضرورت ہے تو، براہ کرم اپنے قانون صلاحکار سے رابطہ کریں۔

غیر ملکی افراد کے لیے ملازمت کا تحفظ کے ایکٹ برائے 2009 (ای پی ایف این اے) (Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009 (EPFNA))، کا اطلاق ان غیر ملکیوں پر ہوتا ہے جو امیگریشن یا عارضی غیر ملکی ملازم والے پروگرام کے تحت اونٹاریو میں کام تلاش کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ وفاقی عارضی غیر ملکی کارکن پروگرام اونٹاریو میں کام کررہے ہیں یا کام کی تلاش میں ہیں تو آپ پر ای پی ایف این اے (EPFNA) لاگو ہونے کا امکان ہوگا۔

یہ معلوماتی پرچہ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت آپ کے حقوق کا خلاصہ فراہم کرتا ہے۔ اونٹاریو میں برسر ملازمت ایک غیر ملکی کے بطور، آپ کو عمومی طور پر روزگار کے معیارات کے قانون، (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000 (ESA)) کے تحت بھی حقوق حاصل ہیں۔ ای ایس اے (ESA) معیارات کا احاطہ کرتا ہے جیسے کہ کم از کم اجرت اور کام کے گھنٹوں کے حدود۔ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت احاطہ شدہ ملازمین کواس دستاویز کے ساتھ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں معلوماتی پرچہ حاصل کرنے کا حق ہے۔

دیگر زبان

اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے، تو آپ کے آجر یا بحال کنندہ کے لیے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ آیا وزارت محنت (Ministry of Labour) کی جانب سے معلوماتی پرچہ آپ کی پہلی زبان میں دستیاب ہے، اور اگر ایسا ہے تو، آپ کو ترجمہ شدہ ورژن بھی فراہم کرے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم Ontario.ca/EPFNA ملاحظہ کریں۔

بحال کنندہ آپ سے فیس وصول نہیں کرسکتے ہیں

بحال کنندہ کوئی بھی ایسا شخص ہوسکتا ہے جوآپ کو ملازمت دلاتے ہیں یا دلانے کی کوشش کرتے ہیں، آپ کو ملازمت دلانے کے لیے دوسرے لوگوں کی مدد کرتے ہیں، یا اونٹاریو میں آپ کو ملازمت دلانے کے لیے کسی سے آپ کی سفارش کرتے ہیں۔ بحال کنندہ آپ کو فراہم کیے گیے کسی بھی خدمت، سامان یا فائدہ کے لیے کوئی بھی فیس چارج نہیں کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، وہ آپ کے لیبر مارکیٹ امپیکٹ اسسمنٹ (ایل ایم آئی اے) (Labour Market Impact Assessment (LMIA)) یا اونٹاریو میں کام شروع کرنے کے لیے ضروری کسی دیگر چیز کے واسطے، ملازمت حاصل کرنے کے لیے کوئی فیس چارج نہیں کرسکتے/سکتی ہیں۔ آپ پر اضافی خدمات جیسے کہ تعارفی اجلاس، ریزیوم لکھنے، انٹرویو کی تیاری، یا فرسٹ ایڈ کے تربیتی سیشن کے لیے کوئی فیس وصول نہیں کی جاسکتی ہے خواہ وہ اختیاری ہی کیوں نہ ہو۔ اس کے علاوہ، بحال کنندہ کی جانب سے کام کرنے والا کوئی بھی شخص آپ سے ان میں کوئی بھی فیس وصول نہیں کرسکتا ہے۔

آپ کے آجر آپ سے ملازمت پر بحالی کے لیے لاگت عائد نہیں کرسکتے ہیں (محدود استثنآت کے ساتھ)

سادہ الفاظ میں، اگر آپ کے آجر آپ کو ملازمت پر رکھنے کے لیے فیس یا کوئی دیگر لاگتوں کی ادائیگی کرتے / کرتی ہیں، تو ان لاگتوں کو آپ پر عائد نہیں کرسکتے / کرسکتی ہیں اور نہ ہی آپ کی تنخواہ میں سے اس کی کٹوتی نہیں کرسکتے/سکتی ہیں۔ اس میں کام سے متعلق وہی چارجز اور فیس شامل ہیں جنہیں آپ کے بحال کنندہ کے لیے آپ پر عائد کرنا ممنوع قرار دیا گیا ہے، جیسے کہ آپ کے ایل ایم آئی اے (LMIA) کے لیے۔ البتہ، اگر آپ وفاقی حکومت کے "موسمی زراعتی کارکن کا پروگرام (ایس اے ڈبلیو پی) ("Seasonal Agricultural Worker Program" (SAWP))" کے تحت ملازمت میں ہیں تو، آپ کے آجر آپ سے ہوائی سفر اور کام کے اجازت نامے کی لاگت کی کٹوتی کرسکتے ہیں اگر ایس اے ڈبلیو پی (SAWP) کے تحت ان کٹوتیوں کی اجازت ہو۔

آپ کے بحال کنندہ یا آجر آپ کا سامان نہیں لے سکتے ہیں۔

آپ کے بحال کنندہ، آپ کے آجر، یا دونوں کی جانب سے کام کرنے والا کوئی شخص، کسی بھی وجہ سے آپ کے سامان کو لے یا رکھ نہیں سکتا ہے۔ اس میں آپ کا پاسپورٹ یا کام کا اجازت نامہ جیسے دستاویزات شامل ہیں۔

آپ اپنے حقوق سے دستبردار ہونے کے لیے متفق نہیں ہوسکتے ہیں

آپ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے بحال کنندہ، اپنے آجر، یا بحال کنندہ یا آجر کے جانب سے کام کرنے والے کسی شخص کے ساتھ اپنے حقوق سے دستبردار ہونے لیے متفق نہیں ہوسکتے یا کسی معاہدہ پر دستخط نہیں کرسکتے ہیں۔ ایسا کوئی بھی معاہدہ غلط ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ ایک معاہدے پر دستخط کرکے اپنے بحال کنندہ کو آپ سے بحالی کی فیس وصول کرنے کی اجازت دیتے ہیں، تو یہ معاہدہ غلط ہوگا۔

آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا استعمال کرنے کے لیے سزا نہیں دی جاسکتی

اگر آپ ای ایس اے (ESA) یا ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق طلب کرتے ہیں یا یہ کہتے ہیں کہ آپ کو آپ کے حقوق دیے جائیں تو، آپ کے بحال کنندہ، آجر یا دونوں کی جانب سے کام کرنے والا کوئی بھی شخص، کسی بھی طرح سے آپ کو سزا نہیں دے سکتا، جس میں آپ کی ملازمت کا خاتمہ بھی شامل ہے۔ آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ اپنے ای ایس اے (ESA) یا ای پی ایف این اے (EPFNA) حقوق طلب کرنے یا ان کا استعمال کرنے پر اپنے بحال کنندہ، آجر یا دونوں کی جانب سے کام کرنے والے کسی بھی شخص کے ذریعہ آپ کو کوئی سزا دی جائے۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہے یا آپ دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں

اگر ای پی ایف این اے (EPFNA) کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو، براہ کرم Ontario.ca/EPFNA ملاحظہ کریں یا ملازمتی معیارات کے مرکز معلومات (Employment Standards Information Centre) سے 7160-326 (416) (ٹول فری 1-800-531-5551)، یا سماعت میں نقص والوں کے لیے TTY 1-866-567-8893 سے رابطہ کریں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق حاصل نہیں ہوئے ہیں اور وزارت محنت میں دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں، توآپ ایسا Ontario.ca/EPFNA پر کرسکتے ہیں۔ آپ ای پی ایف این اے کلیم فارم (EPFNA Claim Form) سروس اونٹاریو پبلیکیشنز (ServiceOntario Publications) پرآن لائن یا 1-800-668-9938 پر کال کرکے (یا 1-800-268-7095 پر TTY کر کے) حاصل کرسکتے ہیں۔

آپ کے پاس ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت دعوی دائر کرنے کے لیے ساڑھے تین سال ہیں۔ اس بات کی کوئی تحدید نہیں ہے کہ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت آرڈر جاری ہونے پر کتنی رقم بازیافت کی جاسکتی ہے۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ ای ایس اے (ESA) اور ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت دعوی دائر کرنے کے لیے وقت کی مختلف حدود کا اطلاق ہوتا ہے۔ ای ایس اے (ESA) اور ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت دعوی دائر کرنے کے لیے الگ الگ فارمز استعمال کیے جاتے ہیں۔

ای ایس اے (ESA) کے تحت حقوق کے بارے میں اور ای ایس اے (ESA) کے تحت دعوی دائر کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم روزگار کے معیارات کے قانون، 2000 کے لیے آپ کا رہنما (Your Guide to the Employment Standards Act, 2000) ملاحظہ کریں جو کہ Ontario.ca/ESAguide پر دستیاب ہے۔